رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی)　　پہلا گروپ　　(1st A 124-II) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم　　پرچہ: I

وقت: 20 منٹ　　معروضی ...... Code: 5023　　مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1- "مؤنث" لفظ ہے
(A) غزل　(B) گلاب　(C) سراب　(D) بادل

2- "اُمید" کا متضاد ہے
(A) بےاُمید　(B) نااُمیدی　(C) بےاُمیدی　(D) کم اُمید

3- "مناظر" کا واحد ہے
(A) نظارہ　(B) منظر　(C) منظروں　(D) نظارے

4- خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے
(A) طیور　(B) بلبل　(C) قمری　(D) طائر

5- پنجابی / سرائیکی لفظ "ستھن" سے مراد ہے
(A) قمیص　(B) چادر　(C) شلوار　(D) بنیان

6- بڑے اُلو کو کہتے ہیں
(A) مہا اُلو　(B) شاہ اُلو　(C) بوم　(D) چغد

7- جمن جس وضع کا آدمی تھا
(A) صلح پسند　(B) لڑاکا　(C) امن پسند　(D) ڈرپوک

8- پلنگ پر چادر اوڑھ کر سو گئے
(A) جنابِ ابوبکرؓ　(B) جنابِ عامرؓ بن فہیرہ　(C) جنابِ امیرؓ　(D) جنابِ عبداللہؓ

9- "شخص" کی جمع ہے
(A) شخصیت　(B) شخصیات　(C) اشخاص　(D) شخصوں

10- "مذکر" لفظ ہے
(A) راگ　(B) زندگی　(C) قدرت　(D) برسات

11- وِلسن روڈ کا بنگلا جس نے بنوایا تھا
(A) جانسن　(B) وِلسن　(C) بیکن　(D) ولیم

12- لفظ "ملت" کا درست تلفظ ہے
(A) مَلَت　(B) مِلَّت　(C) مَلّت　(D) مِلَت

13- "توبۃ النصوح" کی صنف ہے
(A) ناول　(B) افسانہ　(C) ڈرامہ　(D) مضمون

14- میر تقی میر پیدا ہوئے
(A) 1721ء　(B) 1722ء　(C) 1724ء　(D) 1723ء

15- فرمانِ امن لکھا گیا
(A) کپڑے پر　(B) چمڑے پر　(C) کاغذ پر　(D) دھات پر

3-(II)-1st A 124-145000

ParhloPakistan.com

پہلا گروپ | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ - I، کلاس نہم | پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے | انشائی | مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم) (3x2=6)

i - سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت ...... تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

ii - محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم ...... کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

iii - ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...... ممکن نہیں ہری ہو۔ سحاب بہار سے

iv - سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

### (حصہ غزل) (2x2=4)

i - مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا ...... وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

ii - دِلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے ...... آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

iii - لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں ...... کِس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اُس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اُس کے حاصل کرنے میں اُس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قوٰی کو بھی بے کار ڈال دے تو اُس کا حال کیا ہوگا۔

(ب) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع منقطع ہوگئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلو ان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہوگیا۔ وہ آئے میں نے دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ ''مجھے معلوم نہیں۔'' میں نے کہا کہ یہ برابر والے بڑے زور سے لکھ رہے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟

ii - آرام و سکون صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟

iii - تجمل نے اختر کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا؟

iv - نگرانِ کار نے طالبِ علم کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کیا؟

v - مرکب تام کی دو مثالیں لکھیے۔

vi - ردیف اور قافیہ میں کیا فرق ہے؟

vii - حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

viii - میر نے ''نیم باز آنکھوں کی مستی'' کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے والد کے نام خط لکھیے اور اپنے سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیان کیجیے۔ یا اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - ''جس کا کام اُسی کو ساجھے'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا ''ہوٹل منیجر اور گاہک'' کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - جی نے چاہا تو سیر کروں گا۔

ii - مزمل نے قرآن کو پڑھا ہوگا۔

iii - طارق نے اخبار کو خریدا ہوگا۔

iv - مسافر نے مقامی لوگوں کو جاہل سمجھے۔

v - جوانی میں ہم بھی گدھے بیچ کر سویا کرتے تھے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - پاک رہو، ________ ۔

ii - تخم تاثیر، ________ ۔

iii - صورت نہ شکل، ________ ۔

iv - ماروں گھٹنا ________ ۔

v - یہاں کا باوا ________ ۔



ParhloPakistan.com